سوال

biwikaapneshoharparzinakailzamlaganabingawahk

جواب

بیوی کا شوہر پر زنا کا الزام لگانا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ایک بیوی اپنے شوہر پر زنا کا الزام لگاتی ہے، جبکہ شوہر اس سے انکاری ہے، قرآن وسنت کی روشنی میں اس کا کیا حکم ہے ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! بیوی کو چاہیئے کہ اگر اس کے پاس چار گواہ موجود نہیں ہیں تو خاموش ہو جائے۔ اور اگر اپنے خاوند کے ساتھ گزارہ کر سکتی ہے تو کرلے، ورنہ طلاق لے لے۔ اب یہاں اسلامی حکومت تو ہے نہیں جو اس کو زنا کی سزا دے سکے، دوسری بات یہ ہے کہ یہ خاوند کا گناہ ہے، اس کا بیوی کے نکاح پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ لیکن بیوی کو چاہیے کہ وہ اپنے خاوند کو اللہ کا خوف دلاتی رہے اور اسے توبہ کرنے پر قائل کرے۔ بے شک اللہ تعالی معاف کرنے والے ہیں۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی